40472 ـ ٹیلی ویژن اور ویڈیو صحیح کرنے کا حکم

سوال

میں ٹیلی ویژن اور ویڈیو صحیح کرتا ہوں، اور اسی طرح ڈشیں بھی نصب کرتا اور سارے چینل سیٹ کرتا ہوں، تو کیا یہ آلے استعمال کر کے گانے اور موسیقی سننے اور فلمیں دیکھنے والوں کے گناہ میں میں بھی شریك ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فرمان باری تعالی ہے:

اور تم نیکی و بھلائی کے کاموں میں ایك دوسرے کا تعاون کرتے رہو، اور گناہ و معصیت اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو المائدۃ (2).

اور آپ کا ٹیلی ویژن، ویڈیو، صحیح کرنا، اور ڈشیں لگانا، اور پھر ان کے مالکوں کا برائی اور منکرات کا مشاہدہ کرنے میں معاونت ہے، حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو کوئی بھی ھدایت کی طرف راہنمائی کرے اسے اس پر چلنے والے جتنا ہی اجر و ثواب حاصل ہوتا ہے، ان کے اجروثواب میں کچھ کمی نہیں کی جاتی، اور جو کوئی بھی گمراہی اور ضلالت کی دعوت دے اسے اس کی پیروی کرنے والے جتنا ہی گناہ ہوتا ہے، ان کے گناہ میں کچھ کمی نہیں کی جاتی "

صحیح مسلم شریف حدیث نمبر (2674).

لھذا آپ کے لیے یہ کام کرنا جائز نہیں، بہتر یہی ہے کہ آپ کوئی اور کام تلاش کریں، اور یہ یاد رکھیں کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور جو کوئی اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لیے نکلنے کی راہ بنا دیتا ہے، اور اسے رزق بھی وہاں سے مہیا کرتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوتا الطلاق (2 ـ 3).

مستقل فتوی کیمٹی سے مندرجہ ذیل سوال کیا گیا:

میں الکیٹرك انجینئر ہوں، میرا کام ریڈیو، ٹیلی فون، اور ویڈیو وغیرہ صحیح کرنا ہے، مجھے فتوی دیں کہ آیا میں یہ

کام جاری رکھوں یا نہ؟

یہ علم میں رکھیں کہ یہ کام چھوڑنے کی بنا پر مجھے بہت زیادہ نقصان ہو گا، اور میرا سارا تجربہ جو میں نے اپنی زندگی میں سیکھا ہے وہ سب ضائع ہو جائے گا، اور اسے چھوڑنے میں بہت ضرر بھی ہو گا ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

کتاب و سنت کے شرعی دلائل اس پر دلالت کرتے ہیں کہ مسلمان شخص پر حلال اور پاکیزہ کمائی کرنے کی حرص رکھنا واجب اور ضروری ہے، لھذا آپ کوئی ایسا کام تلاش کریں جس کی کمائی اچھی اور پاکیزہ ہو.

اور جو کام آپ نے ذکر کیا ہے اس کی کمائی کے متعلق گزارش ہے کہ یہ طیب و پاکیزہ نہیں؛ کیونکہ یہ اشیاء غالبا حرام کاموں میں ہی استعمال کی جاتی ہیں. اھـ

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (14 / 420).

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (39744) کا جواب ضرور دیکھیں.

واللہ اعلم .